بعدالت جناب سینئر سول جج (ایڈمن) بٹگرام

﴾آسامیاں خالی ہیں﴿

عدالت سینئر سول جج (ایڈمن) بٹگرام میں درجہ ذیل خالی آسامیاں پُر کرنے کیلئے ضلع بٹگرام کے مستقل سکونت پذیر اور ڈومیسائل رکھنے والے امیدواروں سے آخری تاریخ مورخہ: **20-11-2021** تک درخواستیں مطلوب ہیں، جو زیر دستخطی کے دفتر میں دفتری اوقات کار میں جمع کرواسکتے ہیں۔ٹیسٹ وانٹرویو مورخہ: **04-12-2021** کو ڈسٹرکٹ کورٹ بٹگرام میں ہوگا، جس کے لیے کوئی علیحدہ کال لیٹر جاری نہیں کیا جائے گا۔

سیریل نمبر	نام آسامی	سکیل BPS	بذریعہ ابتدائی بھرتی					کل تعداد	مطلوبہ قابلیت اور تجربہ	عمر کی حد
			میرٹ	خواتین	معذور	اقلیت	ریٹائرڈ کلاس فور ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ			
1.	پیادہ	05	2	0	0	0	3	5	میٹرک	18 تا 35 سال
2.	نائب قاصد	03	1	0	0	0	1	2	ترجیحاً خواندہ	18 تا 40 سال
3.	سویپر	03	1	0	0	0	0	1	ترجیحاً خواندہ	18 تا 40 سال

شرائط وضوابط:۔

(1)۔عمر کی بالائی حد درخواستیں جمع کرنے کی آخری تاریخ تک شمار ہوگی اور عمر میں رعائیت حکومتی پالیسی کے مطابق ہوگی۔(2)۔جملہ اُمیدواران مجوزہ درخواست فارم دفتر ہٰذا سے دفتری اوقات کار میں حاصل کرسکتے ہیں یا دفتر ہٰذا کی ویب سائٹ www.districtcourtsbattagram.gov.pk سے ڈاون لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔(3)۔مجوزہ درخواست فارم کے ہمراہ ایک عدد حالیہ تصویر، قومی شناختی کارڈ، تعلیمی اسناد اور ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ نقولات نیز دو معزز شہریوں سے کیریکٹر سرٹیفکیٹ جو درخواست دہندہ کے رشتہ دار نہ ہو اور ان کے اخلاق وعادات اور چال وچلن سے بخوبی واقف ہوں منسلک کریں۔(4)۔سرکاری ملازمین محکمانہ وساطت سے درخواستیں بمعہ NOC سرٹیفکیٹ جمع کرائیں۔(5)۔2% کوٹہ معذور افراد، 5% کوٹہ اقلیت، 10% کوٹہ خواتین اُمیدواروں کے لئے جبکہ 25% کوٹہ ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کے لئے (کلاس فور ملازمین کے لئے) مختص ہیں۔چونکہ موجودہ آسامیوں میں معذور افراد، اقلیت اور خواتین کیلئے کوئی ایک آسامی نہ ہے، البتہ عمومی اہلیت کی بنیاد پر درخواست دے سکتے ہیں۔جبکہ ریٹائرڈ کلاس فور ملازمین کے بچوں کیلئے آسامی سیریل نمبر 1 میں تین آسامیاں اور سیریل نمبر 2 اور 3 میں ایک آسامی مختص ہے۔مختص کوٹہ کے لیے موزوں اُمیدوار نہ ہونے کی صورت میں دیگر اُمیدواروں کی درخواستوں پر غور ہوگا۔(6)۔تمام تقرریاں عارضی بنیادوں پر کی جائیں گی۔(7)۔تنخواہ اور دیگر الاؤنسز قانون اور قواعد کے مطابق دیئے جائیں گے۔(8)۔ٹیسٹ اور انٹرویو کیلئے آنے والے اُمیدواروں کو کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔صرف شارٹ لسٹڈ اُمیدواروں کو ٹیسٹ/انٹرویو میں شامل کیا جائے گا۔شارٹ لسٹ اُمیدواروں کی حتمی فہرست مورخہ: **29-11-2021** دفتری اوقات کے دوران نوٹس بورڈ عدالت ہٰذا پر آویزاں کیا جائے گا۔(9)۔تمام آسامیاں جناب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ پشاور کے جاری شدہ احکامات ومروجہ قواعد وضوابط کے تحت پُر کی جائے گی۔(10)۔مجاز اتھارٹی حکومت کی پالیسی کے مطابق اشتہار میں تبدیلی/ترمیم یا منسوخ کرنے یا آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی کرنے اور کسی بھی آسامی پر تعیناتی کرنے یا نہ کرنے کا مکمل اختیار رکھتی ہے(11)۔نامکمل یا مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔(12)۔اُمیدوار ایک ہی وقت میں صرف ایک ہی آسامی کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔(13)۔درخواست دہندہ انٹرویو کے وقت اصل تعلیمی اور پیشہ ورانہ اسناد پیش کرے گا۔(14)۔غلط اور جعلی اسناد پیش کرنے والوں کے خلاف قانونی/تادیبی کاروائی کی جائے گی۔(15)۔تمام بھرتیاں مروجہ قانون کے مطابق ہونگی۔

شہزاد علی خان

سینئر سول جج (ایڈمن) بٹگرام

Senior Civil Judge-Admin
Battagram